Presented by:

Pro Bono Law Alberta — Paths to possibilities

THE CANADIAN BAR ASSOCIATION — Alberta Branch

آدابِ عدالت: عدالت میں کیا کیا جائے (مشورے اور معلومات)

آدابِ عدالت پر اِس فلم میں خوش آمدید

کیا آپ پہلی مرتبہ کسی عدالت میں آئے ہیں؟ بہت سے لوگوں کے لیے یہ پہلی مرتبہ ہوگا۔ جب آپ عدالت تشریف لا رہے ہوں تو یہ چند اہم تجاویز ذہن میں رکھیں۔ اگر آپ یا آپ کا گواہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو ایک مُترجم کی ضرورت ہے تو آپ کو خود ہی یہ اِنتظام کرنا ہے۔ آپ کو یہ اِنتظام اپنی تاریخِ سماعت سے پہلے کرنا ہوگا۔ آپ کے مُترجم کو عدالت کی جانب سے منظور کیا جانا ضروری ہے۔ آپ اپنے کسی دوست یا گواہ کو بطور مُترجم اپنے ساتھ نہیں لا سکتے۔

عدالت میں آمد پر:

1. اگر آپ کو عدالت آنا ہے تو جلد تشریف لائیں۔
2. اکثر عدالتوں میں آپ کو سکیورٹی سکریننگ سے گزرنا ہوگا۔
3. کچھ ایسی چیزیں ہیں جنہیں عدالت میں لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔ اِن چیزوں میں قینچی، چاقو، چُھری، ہتھیار اور تیز دھار آلات شامل ہیں۔
4. سکیورٹی میں سے گزرنے میں آپ کو اچھا خاصا وقت لگ سکتا ہے۔
5. آپ کو اپنی جیبیں خالی کرنی ہونگی اور آپ کے بیگز کی تلاشی لی جائے گی۔

اپنا عدالت کا کمرہ تلاش کرنا:

سکیورٹی میں سے گزرنے کے بعد عدالت کا وہ کمرہ تلاش کریں جہاں آپ کو جانا ہے۔ ہر عدالت میں ہر دن کے تمام مقدمات کی فہرست آویزاں ہوتی ہے۔ یہ فہرست عدالت کے کمرے کے باہر سکیورٹی یا معلومات ڈیسک پر الیکٹرانک بورڈ یا کاغز پر موجود ہوتی ہے۔

اگر آپ فہرست تلاش نہ کر سکیں تو کورٹ کلرک یا سکیورٹی گارڈ سے مدد لیجیے۔ اس فہرست میں تفصیلات موجود ہونگی کہ آپ کا مقدّمہ عدالت کے کِس کمرے میں کِس وقت سُنا جائے گا۔ اگر آپ اپنا نام یا مقدمہ فہرست میں تلاش نہ کر سکیں تو کورٹ کلرک یا سکیورٹی گارڈ سے مدد لیجیے۔

جب آپ اپنا عدالت کا کمرہ تلاش کر چُکیں تو اندر تشریف لے جائیں۔ عدالت کے کمرے کے باہر انتظار مت کریں کیونکہ کسی کو معلوم نہ ہوگا کہ آپ تشریف لے آئے ہیں اور نہ کوئی آپ کو دیکھنے باہر آئے گا۔

کمرہ عدالت کے باہر:

کمرہ عدالت میں کوئی کھانے پینے کی اشیاء مت لائیں۔ کمرہ عدالت میں داخل ہونے سے پہلے اپنا موبائل فون یا دوسرے الیکٹرانک آلات آف کر دیں۔

کمرہ عدالت میں داخل ہوتے وقت:

جب آپ کمرہ عدالت میں پہنچیں اور جج وہاں موجود ہوں تو خاموشی سے تشریف رکھیں۔ اگر جج موجود نہ ہوں تو کورٹ کلرک کے پاس تشریف لے جائیں۔ اپنا تعارف کرائیں اور ان کے علم میں لائیں کہ آپ پہنچ چکے ہیں۔

آپ کا مقدّمہ بھی عدالت میں اُس دن کے تمام مقدمات میں سے ایک ہوگا۔ اُس دن آپ کے کمرہ عدالت میں سُنے جانے والے تمام مقامات کی کاغذی فہرست کمرہ عدالت میں موجود ہوگی۔ آپ کلرک سے فہرست دکھانے کی درخواست کیجئے اور وہ آپ کا مقدّمہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد بھی کر سکتے ہیں۔

اگر عدالت کی کارروائی شروع ہو چکی ہو تو کلرک کے پاس مت جایئے بلکہ فہرست میں اپنا مقدمہ تلاش کیجئے اور خاموشی سے تشریف رکھیے جب تک آپ کو آپ کے مقدمے کے لیے بُلایا نہ جائے۔

جب جج عدالت میں تشریف لے آئیں گے تو وہ فہرست کی ترتیب سے چلیں گے اور آپ کا نمبر پکاریں گے۔ اگر آپ کا نمبر فہرست کے آخر میں ہوگا تو آپ کو اپنی باری کا انتظار کرنا ہوگا۔ اگر آپ کمرہ عدالت سے دورانِ کارروائی چلے گئے تو آپ اپنا مقدمہ مِس بھی کر سکتے ہیں۔

یاد رکھیں کہ عدالتیں عوام کیلئے ہیں۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی عدالت میں آ کر آپ کے اور دوسرے مقامات کی کارروائی دیکھ سکتا ہے۔

جج سے مخاطب ہونا:

اگر آپ عدالت کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے عدالت پہنچ چکے ہیں تو جب جج عدالت میں داخل ہوں تو آپ کھڑے ہو جائیں۔

جب تک آپ کا مقدّمہ نہ پُکارا جائے، خاموشی سے تشریف رکھیں۔

جب آپ کا مقدّمہ پُکارا جائے تو کھڑے ہو جائیں اور کمرہ عدالت کے سامنے والی میز کی طرف تشریف لے جائیں۔

جج کو اپنا پہلا اور آخری نام دیتے ہوئے اپنا تعارف کرائیں۔

یاد رکھیں:

جج سے جناب عزت مآب (Your Honour) کہہ کر مُخاطب ہوں۔

اگر جج یا کوئی دوسرے لوگ گُفتگو کر رہے ہوں تو آپ تشریف رکھیں۔

جب آپ نے جج سے گفتگو کرنی ہو تو کھڑے ہو جائیں اور اونچی و صاف آواز میں بات کریں۔

کبھی بھی جج یا کسی اور کی بات میں مداخلت نہ کریں۔

ممکن ہے جج آپ کے اُن چند سوالات کا جواب دے دیں جو قانونی طریقے کے بارے میں آپ کے ذہن میں ہوں لیکن وہ آپ کو آپ کے مقدمے کے بارے میں قانونی مشورہ نہیں دے سکتے۔

اگر آپ جج کو کوئی دستاویزات دکھانا چاہتے ہوں تو آپ وہ دستاویزات عدالت کے کلرک کو دے دیجئے۔

براہِ مہربانی عدالت میں شائستہ اور احترام والا رویّہ رکھیں.

Supported by:

Alberta LAW FOUNDATION

Government of Alberta

alberta law libraries